## کوئٹہ: 24 امام بارگاہیں انتہائی حساس، 30 حساس قرار

**مستقل گارڈز تعینات**

**7 محرم کے جلوس کیلئے 3 ہزار اور 10 محرم کے جلوس کیلئے سات ہزار پولیس، ایف سی کے دو ہزار اہلکار تعینات ہونگے: ڈی آئی جی پولیس**

کوئٹہ (اسٹاف رپورٹر) ڈپٹی انسپکٹر جنرل پولیس کوئٹہ اعتزاز گورایہ نے کہا ہے کہ محرم الحرام میں امن وامان کو برقرار رکھنے کیلئے حکمت عملی پر عملدرآمد شروع کر دیا گیا، 24 امام بارگاہوں کو انتہائی حساس جبکہ 30 کو حساس قرار دیا گیا، ان خیالات کا اظہار انہوں نے جنگ سے بات چیت کرتے ہوئے کیا۔ انہوں نے کہا کہ محرم الحرام میں تمام امام بارگاہوں پر مستقل گارڈز تعینات ہیں جبکہ دوران مجالس تمام امام بارگاہوں اور تکیہ خانہ جات میں اضافی افسران ونفری لگائی جارہی ہے۔ اسکے علاوہ امام بارگاہوں اور تکیہ خانوں کی طرف جانے والے تمام راستوں پر ناکہ پکٹ پر مشتمل 11 مقامات پر پولیس اہلکار تعینات کئے گئے ہیں۔ محرم الحرام میں امن وامان کو برقرار رکھنے کیلئے حکمت عملی پر عملدرآمد شروع کر دیا گیا۔ انہوں نے بتایا کہ یکم تا دس محرم الحرام کے دوران 67 امام بارگاہوں میں مجالس جبکہ 20 تکیہ خانوں میں زنانہ مجالس ہونگی روزانہ 72 مجالس جبکہ دس محرم تک 730 مجالس ہونگی جن کیلئے 23 سو اہلکاروں کی نفری تعینات کر دی ہے۔ 7 محرم کو مارواڑ سے آنے والا جلوس سیکورٹی میں مری آباد لایا جائے گا، یہ جلوس بھی ساتویں محرم کے جلوس میں شامل ہوگا جلوس کی سیکورٹی کیلئے تقریباً 3 ہزار پولیس اہلکار اور افسران تعینات ہونگے۔ 9 محرم کو اہل تشیع بچی سے ہزارہ ٹاؤن بروری آئینگے جن کیلئے علیحدہ سیکورٹی کے اقدامات کئے جائیں گے اور فوج کو سٹینڈ بائی رکھا جائے گا۔ انہوں نے کہا کہ سات محرم کے جلوس کیلئے تین ہزار پولیس اور ایف سی کے دو ہزار جبکہ یوم عاشور کیلئے سات ہزار پولیس اور دو ہزار سے زائد ایف سی اور لیویز اہلکار تعینات کئے جائے گئے پہاڑوں پر ایف سی اور لیویز اہلکار تعینات ہونگے، جلوس کے راستوں کو مکمل سیل کرکے خاردار تار، ڈریگن میتھ، ٹرکوں اور قناتوں کے ذریعے بلاک کیا جائے گا دوران محرم کوئٹہ پولیس، بی سی، آر آر جی، اے ٹی ایف اور ڈسٹرکٹ کی نفری ڈیوٹی سرانجام دے گی۔ پاک آرمی اسٹینڈ بائی رہے گی۔ 7 اور 10 محرم الحرام کے جلوس کی اضافی نگرانی کیلئے ایئر سرویلنس ڈیوٹی بھی لگائی گئی ہے، جن میں پولیس کے دو افسران دو ہیلی کاپٹروں میں ڈیوٹی سرانجام دینگے۔ خفیہ کیمروں کے ذریعے جلوس کی نگرانی بھی کی جائے گی۔ اسلحے پر پابندی اور جلوس میں تلاشی کے بغیر کسی کو جانے کی اجازت نہیں ہوگی۔ انہوں نے بتایا کہ شہر بھر میں 70 ناکے جبکہ 49 ناکے مجالس کیلئے لگائے گئے ہیں۔

MASHRIQ QUETTA

## بلوچستان، سمندر میں پھنسے ماہی گیروں کو نکالنے کیلئے ایمبولینس سروس کا آغاز

**سمندری ایمبولینس میں پٹرولنگ، گرین بوٹس شامل، 10 کروڑ کی لاگت سے محکمہ ماہی گیری بلوچستان کی ڈیجیٹلائزیشن کا عمل بھی مکمل**

**صوبے میں 6 لاکھ افراد ماہی گیری کے شعبے سے وابستہ ہیں، 82 ہزار 583 رجسٹرڈ ہیں، بلوچستان حکومت نے اعلامیہ جاری کر دیا**

کوئٹہ (بیورو رپورٹ) بلوچستان میں سمندر میں پھنسے ماہی گیروں کو نکالنے کیلئے ایمبولینس سروس شروع کر دی گئی، بلوچستان حکومت کے اعلامیے کے مطابق سمندری ایمبولینس میں پٹرولنگ، گرین بوٹس شامل ہیں، 10 کروڑ کی لاگت سے محکمہ ماہی گیری بلوچستان کی ڈیجیٹلائزیشن کا عمل بھی مکمل کیا جا چکا، اعلامیے کے مطابق بلوچستان میں 6 لاکھ افراد ماہی گیری کے شعبے سے وابستہ ہیں، 82 ہزار 583 رجسٹرڈ ہیں۔

## بلوچستان، 3 ہزار والدین بچوں کو پولیو کے قطرے پلانے سے انکاری

**مہم میں 9 لاکھ 51 ہزار سے زائد بچوں کو پولیو سے بچاؤ کی ویکسین پلانے کا ہدف مقرر**

کوئٹہ (بیورو رپورٹ) بلوچستان میں اب تک تقریباً 3 ہزار والدین نے اپنے بچوں کو پولیو کے قطرے پلانے سے انکار کر دیا، حکام نے انکشاف کیا ہے........ بقیہ 13 صفحہ نمبر 7 پر

میں اب تک تقریباً 3000 پولیو کے قطرے پلانے سے انکاری والدین رپورٹ ہوئے، حکام کے مطابق 7 روزہ پولیو سے بچاؤ کی مہم کا آخری روز تھا، صوبے کے 16 اضلاع میں انسداد پولیو مہم کا 98 فیصد حاصل کر لیا گیا، حکام کے مطابق مہم میں 9 لاکھ 51 ہزار سے زائد بچوں کو پولیو سے بچاؤ کی ویکسین پلانے کا ہدف مقرر ہے۔

## ڈپٹی کمشنر گوادر کا پریس کلب گوادر کا دورہ، صحافیوں سے ملاقات

گوادر (ن ن) ڈپٹی کمشنر گوادر حمود الرحمان کا پریس کلب گوادر کا دورہ، صحافیوں سے ملاقات کی۔ انہوں نے کہا کہ صحافت ریاست کا چوتھا ستون ہے ایک خوشبرانہ صفت ہے، گوادر کے صحافیوں نے ہمیشہ مثبت اور تعمیری صحافت کی ہے اور عوامی مسائل کو اجاگر کرنے........ بقیہ 41 صفحہ نمبر 7 پر

میں ان کا اہم کردار رہے ہیں ڈپٹی کمشنر نے کہا گوادر میں ٹیلنٹ کی کوئی کمی نہیں اور ضلعی انتظامیہ سال رواں دسمبر میں آرٹ اینڈ لٹریچر میلہ منعقد کرے گی۔ گوادر کے چاروں تحصیل میں لائبریریاں قائم کی جائیں گی۔ ان خیالات کا اظہار ڈپٹی کمشنر گوادر حمود الرحمن صحافیوں سے گفتگو کے دوران کیا۔ انہوں نے کہا کہ ضلعی انتظامیہ شہریوں کے مسائل کا ادراک رکھتی ہے جنہیں حل کرنے کی سعی کی جارہی ہے۔ انہوں نے کہا کہ ضلعی انتظامیہ نوجوانوں کو مواقع فراہم کرنے میں کوئی کسر نہیں چھوڑے گی۔

CamScanner

سیاسی جماعتیں

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE
GENERAL OF PUBLIC
RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: INTEKHAB QUETTA

Bullet No. 2

Dated: 08 JUL 2024

Page No. 17

# بلوچستان کے مختلف اضلاع میں تیز بارشوں کی پیشنگوئی

**خضدار، لسبیلہ آواران اور گردونواح میں تیز ہواؤں اور گرج چمک کے ساتھ بارش و چند مقامات پر موسلا دھار بارش کا امکان**

**وریجی شاہ نورانی کنراج اور سارونا میں موسلادھار بارش کے باعث گرمی کا زور ٹوٹ گیا، حب میں گرمی کم نہ ہو سکی**

حب (نمائندہ انتخاب) موسم میں گرمی کی شدت برقرار جبکہ وریجی شاہ نورانی کنراج اور سارونہ میں موسلادھار بارشوں کا سلسلہ شروع ہونے کے بعد نہ صرف گرمی کا زور ٹوٹ چکا ہے بلکہ ندی نالوں میں بارش کے پانی کے تیز بہاؤ کی بھی اطلاعات موصول ہو رہی ہیں حب شہر کے قرب و جوار کے علاقوں میں دو روز تک آسمان پر بادل چھانے اور بقیہ نمبر 50 صفحہ 5 پر

مطلع ابر آلود رہنے کی وجہ سے گرمی کی شدت میں کسی حد تک کمی واقع ہوئی تھی لیکن پھر پچھلے دو دنوں سے سورج کی تپش میں تیزی آنے سے گرمی کی شدت بڑھ گئی ہے۔ ادھر بلوچستان کے شمالی مشرقی اضلاع میں بارشوں کی پیشنگوئی کی گئی ہے کوئٹہ سمیت صوبے کے بیشتر اضلاع میں موسم گرم اور خشک ہے محکمہ موسمیات کے مطابق بلوچستان کے شمالی اور مشرقی بلوچستان میں پہاڑی اور ندی نالوں میں سیلابی صورتحال کے باعث طغیانی کا خطرہ ظاہر کیا گیا ہے کوئٹہ، ژوب، بارکھان، کوہلو، شیرانی، موسیٰ خیل، لورالائی میں بارش کا امکان ہے اس کے علاوہ خضدار، آواران، لسبیلہ اور گردونواح میں تیز ہواؤں اور گرج چمک کے ساتھ بارش کا امکان ہے چند مقامات پر موسلادھار بارش بھی متوقع ہے۔

CamScanner

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE
GENERAL OF PUBLIC
RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: JANG QUETTA

Bullet No. 4

Dated: 08 JUL 2024 Page No. 21

## سریاب روڈ پر ایکسائز دفتر کے ساتھ گلی میں کریکر دھماکہ

کوئٹہ (اسٹاف رپورٹر) سریاب روڈ پر ایکسائز دفتر کے ساتھ گلی میں کریکر دھماکہ ہوا تاہم اس سے کوئی نقصان نہیں ہوا پولیس کے مطابق نامعلوم افراد نے سریاب روڈ ایکسائز دفتر کے ساتھ واقع گلی کی نالی میں کریکر بم رکھا تھا جو گزشتہ روز زوردار دھماکے سے پھٹ گیا اطلاع ملنے پر پولیس اور بم ڈسپوزل اسکواڈ کے اہلکار موقع پر پہنچ گئے اور علاقے کو گھیرے میں لے لیا تاہم دھماکے سے کوئی نقصان نہیں ہوا۔

## حب میں فائرنگ سے ایک شخص ہلاک

کوئٹہ (آن لائن) حب کے علاقے الہ آباد ٹاؤن میں نامعلوم افراد کی فائرنگ سے ڈاکٹر غلام فرید نامی شخص ہلاک ہوگیا۔

INTEKHAB QUETTA

## حب بھوانی اور نورانی کراس سے 2 نامعلوم نعشیں برآمد

### بھوانی سے ملنے والی نعش خون آلود اور تشدد زدہ تھی، پولیس، میت ایدھی سردخانے منتقل کر دیا گیا

حب (نمائندہ انتخاب) حب بھوانی اور نورانی کراس سے دو افراد کی نعشیں برآمد، شناخت نہ ہو سکی ایدھی سردخانے منتقل کر دیا گیا تفصیلات کے مطابق اتوار کی شب حب شہر کے علاقہ بھوانی کے مقام پر شاہ پپ کے عقبی سمت میں ویرانے سے 20 سے 22 سالہ نوجوان کی خون آلود تشدد زدہ نعش برآمد ہوئی ہے پولیس کے مطابق متوفی نوجوان جسم و جان سے صحت مند ہے تاہم شناخت نہ ہو سکی بقیہ نمبر 17 صفحہ 5 پر

ہے مزید برآں ساکران تھانہ کی حدود سے نورانی کراس کے مقام سے 45 سالہ ایک شخص کی نعش ملی ہے ساکران پولیس کے مطابق متوفی اولیاء کرام کے مزاروں پر رہنے والا ملنگ لگتا ہے تاہم مزید تحقیقات کی جا رہی ہے نعش کی شناخت نہ ہونے کی وجہ سے نعش کو ایدھی سردخانے منتقل کیا جا رہا ہے۔

## حب: کلینک میں گھس کر فائرنگ، ڈاکٹر غلام فرید سونگی جاں بحق

### پولیس نے واقعہ کو ذاتی دشمنی قرار دے دیا، منڈی کے قریب فائرنگ سے نوجوان زخمی

حب (نمائندہ انتخاب) فائرنگ کے دو واقعات میں ایک شہری جاں بحق جبکہ دوسرا شدید زخمی ہوگیا ملزمان فرار ہوگئے پولیس ہاتھ ملتی رہ گئی شہر میں بدامنی کے بڑھتے ہوئے واقعات پر شہریوں تاجروں اور سیاسی جماعتوں کا اظہار تشویش۔ تفصیلات کے مطابق اتوار کے روز حب شہر کے علاقہ دودا گوٹھ میں نامعلوم مسلح ملزمان نے کلینک میں گھس کر ڈاکٹر غلام فرید سونگی نامی شخص پر فائرنگ کر دی جس کے نتیجے میں وہ زخموں کی تاب نہ لاتے ہوئے جاں بحق ہوگیا واقعہ سے متعلق پولیس نے کسی ابتدائی تحقیقاتی نتیجے پر پہنچے بغیر واقعہ کو ذاتی دشمنی قرار دے دیا۔ دوسرا واقعہ پولیس تھانہ گڈانی کی حدود میں جکھو پولیس بقیہ نمبر 5 صفحہ 5 پر

چوکی کے قریب منڈی میں پیش آیا جس میں موٹر سائیکل سوار کی فائرنگ سے شاہنواز انگاریہ نامی نوجوان زخمی ہوگیا پولیس کے مطابق زخمی نوجوان کے ورثاء نے ملزم کی نشاندہی کر دی ہے لاش اور زخمی کو اسپتال منتقل کر دیا گیا ہے مقتول ڈاکٹر غلام فرید سونگی کا تعلق بلوچستان کے علاقہ ڈیرہ مراد جمالی سے بتایا جاتا ہے مزید برآں جکھو پولیس چوکی کے ایریا میں چوری لوٹ مار کے واقعات میں اضافہ ہوا ہے جبکہ پولیس امن و امان کے قیام میں کے بجائے دیگر سرگرمیوں میں مصروف نظر آتی ہے۔

MASHRIQ QUETTA

## کراچی سے اغوا 13 سالہ بچی قلعہ عبداللہ سے بازیاب

کوئٹہ (این این آئی) اسسٹنٹ کمشنر شیخ حیات بلوچ نے کہا ہے کہ قلعہ عبداللہ میں بچی کو اغواء کرنے والا اغواء کار کو خفیہ اطلاع پر کراچی سے گرفتار کر لیا ہے اغواکار ملا شریف نے 27 جون کو کراچی کے علاقے سبزی منڈی سے بچی کو اغواء کیا تھا بچی کی اغواء کاری کا مقدمہ کراچی میں درج تھا ڈپٹی کمشنر کی ........ بقیہ 43 صفحہ نمبر 7 پر

خفیہ معلومات کی بنیاد پر اغواء کار کو حراست میں لیا گیا اغواء کار کی حراست سے معصوم 13 سالہ بچی کو بھی بازیاب کرا لیا اغواء کار ملا شریف کو مزید تفتیش کیلئے کراچی پولیس کے حوالے کر دیا۔

CamScanner

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE
GENERAL OF PUBLIC
RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: MASHRIQ QUETTA

Bullet No. 5

Dated: 08 JUL 2024 Page No. 22

## بجٹ کے بعد بلوچستان سمیت ملک بھر میں مہنگائی کا سونامی آگیا، ہر چیز عوام کی پہنچ سے دور

قیمتیں آسمان پر جا پہنچیں، پیک دودھ کے بعد مرغی کی قیمت نے اڑان بھر لی، ٹماٹر، 20 کلو آٹے کا تھیلا بھی مہنگا

ٹماٹر کی قیمت نے 400 کی سطح عبور کر لی، ٹیکسوں میں اضافے کے بعد نرخ بڑھے، سستی کیسے فروخت کر سکتے ہیں، تاجر

کوئٹہ (سٹی رپورٹر) بجٹ کے بعد بلوچستان سمیت ملک بھر میں مہنگائی کا سونامی آگیا، ہر چیز عوام کی پہنچ ......... بقیہ 28 صفحہ نمبر 7 پر

سے دور، قیمتیں آسمان پر جا پہنچیں، پیک دودھ کے بعد مرغی کی قیمت نے اڑان بھر لی، ٹماٹر، 20 کلو آٹے کا تھیلا بھی مہنگا ہوگیا، ٹماٹر کی قیمت نے 400 کی سطح عبور کر لی، تاجروں نے دہائی دیتے ہوئے کہا ٹیکسوں میں اضافے کے بعد نرخ بڑھے، مہنگی چیز لا کر سستی کیسے فروخت کر سکتے ہیں، عوام نے شدید احتجاج کرتے ہوئے کہا مہنگائی کے سونامی نے زندگی اجیرن بنا دی، حکومت ظالمانہ ٹیکس واپس لیکر فوری ریلیف کی فراہمی یقینی بنائے۔

## کوئٹہ، سبزیوں اور پھلوں کی قیمتوں میں ہوشربا اضافہ

ٹماٹر 250 روپے، مٹر فی کلو 350، سفید آلو 80 روپے میں فروخت ہو رہے ہیں

کوئٹہ (سٹی رپورٹر) کوئٹہ میں سبزیوں اور پھلوں کی قیمتوں میں ہوشربا اضافہ ریکارڈ کیا جا رہا ہے۔ مارکیٹ ذرائع کے مطابق ٹماٹر 250 روپے فی کلو فروخت کی ......... بقیہ 22 صفحہ نمبر 7 پر

جا رہی ہے، مٹر کی فی کلو قیمت میں 50 روپے کا اضافہ ریکارڈ کیا گیا جس کے بعد قیمت 350 روپے ہوگئی۔ سفید آلو فی کلو 80 روپے اور سرخ آلو 150 روپے میں فروخت ہو رہے ہیں۔ اسی طرح بھنڈی اور توری کی 200،200 روپے فی کلو میں فروخت کی جا رہی ہے۔ دوسری جانب سندھڑی آم کی فی کلو قیمت میں 20 روپے کا اضافہ ہوا

INTEKHAB QUETTA

## پنجگور میں بلوچ یکجہتی کمیٹی کی احتجاجی ریلی و جلسہ

شرکا کا مختلف علاقوں میں گشت و نعرہ بازی، بڑی تعداد میں خواتین و بچوں کی شرکت

پنجگور (یو این اے) بلوچ یکجہتی کمیٹی کے زیر اہتمام ریلی اور احتجاجی جلسہ کا انعقاد کیا گیا تفصیلات کے مطابق بلوچ یکجہتی کمیٹی نے لاپتہ افراد کی عدم بازیابی شہر میں ٹارگٹ کلنگ اور دیگر جرائم کے واقعات اور مسلح جتھوں کے خلاف ریلی نکالی ریلی کی قیادت فہد آصف ظاہرہ نور حرا، ماہا، فاطمہ، ملا فرہاد ڈاکٹر عبدالغفار، شاہ نواز نے کی ریلی جاوید چوک سے ہوتی ہوئی ماڈل سکول پارک میں آ کر ایک احتجاجی جلسہ بقیہ نمبر 20 صفحہ 5 پر

کی شکل اختیار کر گیا ریلی میں خواتین اور بچوں نے بھی شرکت کی اس موقع پر مقررین نے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ لاپتہ افراد کی عدم بازیابی پر لواحقین میں شدید تشویش پائی جاتی ہے ایسے نوجوان ہیں جو کئی سالوں سے لاپتہ ہیں بعض اوقات سی ٹی ڈی لوگوں کو گھروں سے سب کے سامنے اٹھاتا ہے پھر انکاری بن جاتا ہے کہ بندے میرے پاس نہیں ہیں انہوں نے کہا کہ پنجگور میں ڈیتھ اسکواڈ کو کھلی چھوٹ دی گئی ہے شہر میں بدامنی کے واقعات نے شہریوں کو بدترین عدم تحفظ کا شکار بنا دیا ہے پولیس اور انتظامیہ جرائم پیشہ افراد کے سامنے بے بس ہیں ٹارگٹ کلر آسانی کے ساتھ لوگوں کو مار نکل جاتے ہیں۔

MASHRIQ QUETTA

## خضدار، مہنگائی کا جن بے قابو، اشیاء خورد و نوش کی قیمتوں کو پر لگ گئے

ایک ہفتے سے مسلسل سبزیوں اور ٹماٹر کی قیمتیں بڑھ رہے ہیں جس سے شہریوں کے رنگ پیلے پڑ گئے

پرائس کنٹرول کمیٹی قیمتوں کو کنٹرول کرنے سے قاصر، مصنوعی مہنگائی کو کنٹرول کر کے عوام کو ریلیف دیا جائے، عوامی حلقے

خضدار (بیورو رپورٹ) خضدار مہنگائی کا جن انتظامیہ کے قابو سے باہر ہوگیا ہے ٹماٹر نے تین سینچری کو عبور کر لیا شہریوں می رنگ پیلا ہوگیا ہے ایک ہفتے سے مسلسل سبزیوں اور ٹماٹر کی قیمتیں بڑھ گئی ہے ٹماٹر کی قیمت آسمان سے باتیں کرنے لگی منافع خوروں اور لوٹ مار کرنے والے سبزی فروشوں سے کوئی پوچھنے والا نہیں عوام مہنگائی مافیا کے ہاتھوں لوٹنے لگی کے تفصیلات کے مطابق خضدار میں مہنگائی کا جن بے قابو ہوگیا ہے ٹماٹر با آسانی تین سنچری کو عبور کر لیا ہے شہر میں ٹماٹر تین سو روپے کلو تک پہنچ گیا ہے شہری نرخ کا سن کر لال پیلا ہو گئے ہیں شہریوں کا کہنا ہے مارکیٹ میں ہر سبزی والے کا نرخ الگ ہے جبکہ مہنگائی کنٹرول کرنا انکے بس کی بات نہیں ہے خضدار میں ٹماٹر 300 ادرک کلو 800 مرچ پاؤ 100 بھنڈی 250 آلو 150 پیاز 100 کدو 150 توری 200 روپے میں بک رہی ہے عوامی حلقوں کا کہنا ہے خضدار شہر میں مہنگائی پر کوئی کنٹرول نہیں ہے ہر کوئی اپنے مرضی سے سبزی کی قیمتوں کو بڑھا دیتے ہیں اور عوام کو دونوں ہاتھوں سے لوٹا جا رہا ہے خضدار کے شہریوں نے ڈپٹی کمشنر خضدار سے مطالبہ کیا ہے کہ عوام کو مہنگائی مافیا کے مصنوعی مہنگائی سے چھٹکارا دلانے کیلئے سختی سے عملدرآمد کر کے عوام کو سستے ریلیف فراہم کئے جائیں۔

## قلات، سبزی کی قیمتوں میں مسلسل اضافہ، پرائس کنٹرول کمیٹی ناکام

منافع خوروں سے کوئی پوچھنے والا نہیں عوام مہنگا مصنوعی مہنگائی پیدا کرنے والوں کے ہاتھوں مجبور، رپورٹ

ٹماٹر 300 ادرک کلو 800 مرچ پاؤ 100 بھنڈی 250 آلو 150 پیاز 100 کدو 150 توری 200 روپے میں فروخت ہونے لگے

قلات (نمائندہ مشرق) قلات مہنگائی کا جن انتظامیہ کے قابو سے باہر ہوگیا ہے ٹماٹر نے تین سینچری کو عبور کر لیا شہریوں کا رنگ سرخ پیلا ہوگیا ہے ایک ہفتے سے مسلسل سبزیوں اور ٹماٹر کی قیمتیں بڑھ گئی ہے ٹماٹر کی قیمت آسمان سے باتیں کرنے لگی منافع خوروں اور لوٹ مار کرنے والے سبزی فروشوں سے کوئی پوچھنے والا نہیں عوام مہنگائی مافیا کے ہاتھوں لوٹنے لگی تفصیلات کے مطابق قلات میں مہنگائی کا جن بے قابو ہوگیا ہے ٹماٹر با؟ سانی تین سنچری کو عبور کر لیا ہے شہر میں ٹماٹر تین سو روپے کلو تک پہنچ گیا ہے شہری نرخ کا سن کر لال پیلا ہو گئے ہیں شہریوں کا کہنا ہے مارکیٹ میں ہر سبزی والے کا نرخ الگ ہے قلات میں ٹماٹر 300 ادرک کلو 800 مرچ پاؤ؟ 100 بھنڈی 250 ا؟ لو 150 پیاز 100 کدو 150 توری 200 روپے میں بک رہی ہے عوامی حلقوں کا کہنا ہے قلات شہر میں مہنگائی پر کوئی کنٹرول نہیں ہے ہر کوئی اپنے مرضی سے سبزی کی قیمتوں کو بڑھا دیتے ہیں اور عوام کو دونوں ہاتھوں سے لوٹا جا رہا ہے قلات کے شہریوں نے ڈپٹی کمشنر قلات سے مطالبہ کیا ہے کہ عوام کو مہنگائی مافیا کے مصنوعی مہنگائی سے چھٹکارا دلانے کیلئے سختی سے عملدرا؟ مد کر کیعوام کو سستے ریلیف فراہم کئے جائیں

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: MASHRIQ QUETTA

Bullet No. 6

Dated: 08 JUL 2024 Page No. 23


## بلوچستان کے مسائل: حکومتی اقدامات وترجیحات

ایک خبر کے مطابق وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے نئے مالی سال کے غاز سے ہی صوبائی حکومت کا امتحان شروع ہونے کا اعتراف کرتے ہوئے جہاں متعلقہ حکام کو یہ ہدایات دی ہیں کہ وہ میرٹ کے مطابق فیصلے کریں کسی قسم کا کوئی پریشر نہ لیں اور میرٹ کو یقینی بنائیں وہاں انہوں نے اس عزم کا بھی اظہار کیا ہے کہ ان کی زیر قیادت یہ موجودہ مخلوط صوبائی خود احتسابی سے کام لے گی، مالیاتی نظم ونسق کو بہتر بنائے گی آمدن واخراجات کو مدنظر رکھے گی اور پھر آئندہ سال جائزہ لے گی کہ پورے سال ترقیاتی منصوبوں پر عملدرآمد کی شرح کیا رہی۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے گزشتہ روز اعلیٰ سطحی اجلاسوں سے خطاب کرتے ہوئے کیا ہے وزیراعلیٰ نے کہا ہے کہ محکموں کی فعالیت کے لئے جزاء وسزا اور کام چوروں کی برطرفی ضروری ہے ایک عام آدمی کو ریلیف کی فراہمی کے لئے محکموں کو فعال کر کے گڈ گورننس کا حقیقی نظام لانا ہوگا اور تمام تر مصلحتوں سے بالاتر ہو کر ایک عام بلوچستانی کے لئے سوچنا ہوگا ہر شعبہ زندگی میں میرٹ کو یقینی بنانا ہوگا اور درست جگہ پر درست فرد کا تقرر کر کے ڈلیور کرنا ہوگا۔ وزیراعلیٰ میر سرفراز بگٹی نے یہ بھی کہا ہے کہ صوبائی حکومت جوابدہی اور خود احتسابی کا عمل شروع کر رہی ہے بدانتظامی کا خاتمہ کر کے ہمیں درست سمت میں آگے بڑھنا ہوگا غیر ترقیاتی اخراجات میں بتدریج کمی لانی ہوگی اور بلوچستان ریونیو اتھارٹی جیسے اداروں کی حوصلہ افزائی کرتے ہوئے اپنے وسائل بڑھانے ہوں گے۔ یہ کوئی پہلا موقع نہیں بلکہ گزشتہ چار مہینوں کے دوران وہ پہلے بھی متعدد مرتبہ صوبے میں سروس ڈیلیوری کے نظام کو بہتر سے بہتر بنانے، میرٹ کی بالادستی، شفافیت اور بہتر طرز حکمرانی کے حوالے سے دوٹوک اقدامات کا عزم ظاہر کرتے آئے ہیں ان کی اس بات میں بہت زیادہ وزن ہے اور یہی بلوچستان کے جملہ مسائل کا شافی علاج بھی ہے کہ درست جگہ پر درست فرد کا تقرر کیا جائے علاوہ ازیں عام آدمی کو حکومت سے جو امیدیں اور توقعات وابستہ ہیں ان کا بھی وزیراعلیٰ کو فہم وادراک ہے اور یہ انتہائی اچھی بات ہے بلوچستان میں موجود جملہ مسائل خواہ وہ سیاسی ہوں یا پھر معاشی یہ ایک دم سے پیدا نہیں ہوئے بلکہ رفتہ رفتہ پہلے سے موجودہ مسائل میں گھمبیرتا اور سنگینی آتی گئی اور ہم مشرق کے انہی صفحات اور انہی سطور میں ہم پہلے بھی اس رائے کا اظہار متعدد بار کر چکے ہیں اور آج بھی ہم یہی سمجھتے ہیں کہ بلوچستان اگرچہ ماضی میں جانے انجانے میں ترقی اور خوشحالی کے سفر میں باقی صوبوں سے پیچھے رہ گیا جس کے باعث یہاں غربت وپسماندگی اور دیگر مسائل کا نہ صرف جنم ہوا بلکہ پہلے سے موجود مسائل مزید گھمبیر اور سنگین بھی ہوتے گئے البتہ یہ بات ماننی اور تسلیم کرنی چاہئے کہ گزشتہ کچھ عرصے سے اب صورت احوال بدل چکی ہے گوادر میں گہرے پانیوں کی بندرگاہ کی تعمیر اور خصوصیت کے ساتھ سی پیک منصوبے اور اس کے مابعد جنوبی بلوچستان پیکج ہو یا پھر آغاز حقوق بلوچستان پیکج اور دیگر اقدامات ومنصوبہ حقیقت یہ ہے کہ اب بلوچستان میں ترقی کا عمل تیز رفتاری سے جاری ہے نہ صرف صوبہ اپنے وسائل کا ایک بڑا اور غیر معمولی حصہ ترقیاتی مدات میں خرچ کر رہا ہے بلکہ ڈونرز کے ساتھ مل کر بھی کام ہو رہا ہے اور بالخصوص وفاقی حکومت بھی ہر سال کے ترقیاتی پروگرام میں بلوچستان کے لئے اچھے خاصے فنڈز مختص کر رہی ہے اس وقت موجودہ دور حکومت کی اگر بات کی جائے تو وہ وفاق اور صوبہ ایک پیج پر رہتے ہوئے صوبے کے دیرینہ عوامی مسائل کے حل، محرومی کے احساس کو زائل کرنے، عوام کی امیدوں وتوقعات پر پورا اترنے اور عوام کے معاشی اور سیاسی مسائل کے ل کے لئے کام کر رہے ہیں حال ہی میں وزیراعظم شہباز شریف نے وزیراعلیٰ میر سرفراز بگٹی کی درخواست پر بلوچستان کے زمینداروں کو درپیش اہم مسئلے یعنی ٹیوب ویلوں کی سولرائزیشن کا جو اعلان کیا وہ اعلان خالی خولی نہ تھا بلکہ نہ صرف رواں مالی سال کے بجٹ میں اس مقصد کے لئے خطیر رقم رکھی گئی ہے بلکہ گزشتہ روز اس ضمن میں تازہ پیشرفت یہ ہوئی ہے کہ زرعی ٹیوب ویلوں کی شمسی توانائی پر منتقلی کے حوالے سے وفاق اور حکومت بلوچستان کے مابین باقاعدہ معاہدے کی راہ ہموار ہوئی ہے اس بابت وزیراعظم شہباز شریف کی زیر صدارت خصوصی اجلاس منعقد ہوا جس میں بلوچستان کے زرعی ٹیوب ویلوں کی شمسی توانائی پر منتقلی سے متعلق امور کو حتمی شکل دینے کے عزم کا اظہار ہوا اور فیصلہ کیا گیا کہ آئندہ دو روز کے دوران وفاقی وزارت توانائی کی ٹیم بلوچستان کا دورہ کرے گی اور اس سلسلے میں حکومت بلوچستان کے ساتھ باقاعدہ معاہدہ کیا جائے گا جس کے تحت زرعی ٹیوب ویلوں کی شمسی پر منتقلی کے لئے ستر فیصد اخراجات وفاقی حکومت اور تیس فیصد صوبائی حکومت برداشت کرے گی یہ فقط ایک مثال ہے جس سے یہ ظاہر ہوتا ہے کہ بلوچستان کے دیرینہ مسائل کے حل کے لئے وفاق اور صوبائی حکومت دونوں کوشاں ہیں اور ماضی کی نسبت زیادہ وسائل مختص اور خرچ کئے جا رہے ہیں ایسے میں اس بات کی ضرورت دو چند ہو جاتی ہے کہ مالیاتی نظم ونسق بہترین ہو، نہ صرف صوبہ اپنے وسائل اور مسائل کے تناظر میں آمدن واخراجات میں توازن لائے بلکہ ترقیاتی عمل کی بروقت تکمیل، سروس ڈیلیوری کے نظام کو بہتر سے بہتر بنانے، مختلف شعبوں میں جدت، بہتری اور اصلاح احوال کی جاری کوششیں تیز کی جائیں اس حوالے سے وزیراعلیٰ میر سرفراز بگٹی نہ صرف پوری طرح پرعزم اور سنجیدہ ہیں بلکہ وہ اس ضمن میں عملی طور پر کوشاں بھی ہیں جس کی ایک جھلک رواں مالی سال کا سرپلس بجٹ اور ساتھ ہی حسب وعدہ یکم جولائی سے ٹینڈرنگ پراسس کو شروع کرنا اور آگے بڑھانا ہے اس سے ظاہر ہوتا ہے کہ وزیراعلیٰ میر سرفراز بگٹی لفاظی نہیں عملی انداز میں ملک اور صوبے کی خدمت کے جذبے سے سرشار ہیں وہ نہ صرف عوام کی امیدوں وتوقعات سے باخبر ہیں بلکہ صوبے میں امن وامان کے قیام، سیاسی ومعاشی مسائل کے خاتمے اور صوبے میں ترقیاتی عمل میں تیزی اور وسعت کی اہمیت وضرورت سے بھی کماحقہ آگاہ ہیں یہ انتہائی مثبت، مستحسن اور قابل ستائش امر ہے اور ہمیں قوی امید ہے کہ وہ اسی تندہی، جانفشانی، محنت، سنجیدگی اور امانت ودیانت کے ساتھ صوبے کی خدمت کا سلسلہ جاری رکھیں گے اور اس بابت نہ صرف وہ خود کوئی دقیقہ فروگزاشت نہیں کریں گے بلکہ تمام سیاسی جماعتیں بھی صوبے اور ملک کی تعمیر وترقی کی خاطر ان کا بھرپور ساتھ دیں گی اور کسی قسم کا اغماض نہیں برتیں گی۔

CS CamScanner

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ حکومت بلوچستان

Daily: AZADI QUETTA

Bullet No. 6 Dated: 08 JUL 2024 Page No. 24


## مہنگائی سے تنگ عوام کیلئے مزید مشکلات، حکومتی سطح پر ریلیف کے کھوکھلے دعوے!

وفاقی وزیر توانائی اویس لغاری نے بجلی کے نرخوں میں اضافے کو معمولی اضافہ قرار دیتے ہوئے کہا ہے کہ پچھلے ماہ سے موازنہ کریں تو بجلی کی قیمتوں میں معمولی اضافہ کیا گیا ہے مگر میڈیا اور اخبارات پچھلے سال کے جون سے موازنہ کر کے زیادہ اضافہ رپورٹ کر رہے ہیں۔ پی ٹی آئی دور میں بروقت قیمتوں میں اضافہ نہ ہونے کی وجہ سے حکومت کو بجلی کے نرخ میں اضافہ کرنا پڑا۔ جنوری میں بجلی کی قیمت دوبارہ کم ہوجائے گی، دو سے تین سال بعد کوئی بھی تقسیم کار کمپنی حکومت کی ملکیت نہیں ہوگی۔ واضح رہے کہ مہنگائی کے مارے عوام پر ایک اور بجلی بم گراتے ہوئے نیشنل الیکٹرک پاور ریگولیٹری اتھارٹی نے بجلی 3 روپے 33 پیسے فی یونٹ مہنگی کردی ہے۔ نیپرا کی جانب سے جاری نوٹیفکیشن کے مطابق بجلی کی قیمت میں اضافہ مئی کی فیول ایڈجسٹمنٹ کی مد میں کیا گیا ہے۔ بجلی صارفین سے اضافی وصولیاں جولائی کے بلوں میں کی جائیں گی، اضافے کا اطلاق لائف لائن اور کے الیکٹرک صارفین پر نہیں ہوگا۔ سی پی پی اے نے مئی کی ایڈجسٹمنٹ میں فی یونٹ 3 روپے 41 پیسے کا اضافہ مانگا تھا۔ اس کے علاوہ وفاقی کابینہ کی جانب سے بجلی کے بنیادی ٹیرف میں بھی اضافہ کردیا گیا ہے۔ فی یونٹ بنیادی ٹیرف میں 3 روپے 95 پیسے سے 7 روپے 12 پیسے تک اضافہ منظور کیا گیا، نان پروٹیکٹڈ گھریلو صارفین کیلئے ایک سے 100 یونٹ استعمال پر ٹیرف 7.11 روپے اضافے سے 23.59 روپے جبکہ ماہانہ 101 سے 200 یونٹ پر استعمال پر فی یونٹ 7.12 روپے اضافے سے 30.07 روپے ہوگیا۔ دستاویز میں کہا گیا کہ ماہانہ 201 سے 300 یونٹ تک کا بجلی ٹیرف 7.12 روپے اضافے سے 34.26 روپے اور ماہانہ 301 سے 400 یونٹ پر ٹیرف 7.02 روپے اضافے سے فی یونٹ ٹیرف 39.15 روپے مقرر کیا گیا ہے۔ ماہانہ 401 سے 500 یونٹ 6.12 روپے اضافے سے 41.36 روپے فی یونٹ، ماہانہ 501 سے 600 یونٹ استعمال پر ٹیرف 6.12 روپے اضافے سے 42.78 روپے جبکہ ماہانہ 601 سے 700 یونٹ پر بجلی ٹیرف 6.12 روپے اضافے سے 43.92 روپے فی یونٹ اور ماہانہ 700 یونٹ سے زیادہ کا ٹیرف 6.12 روپے اضافے سے 48.84 روپے ہوگا۔ اس وقت پورے ملک میں ایک تو بجلی کی غیر اعلانیہ لوڈ شیڈنگ اس شدید گرمی کے دوران جاری ہے جس پر عوام سمیت ہر طبقہ سراپا احتجاج ہے کہ بجلی فراہم نہیں کی جارہی مگر قیمتوں میں مسلسل اضافہ کیا جارہا ہے، عوام کا بھرکس نکال دیا گیا ہے، بجٹ میں پہلے سے ہی ٹیکسز کے ذریعے مہنگائی کا طوفان لایا گیا ہے جس سے لوگ سخت پریشان ہیں، اب غریب عوام مہنگائی کا مقابلہ کرنے کی سکت بھی نہیں رکھتی۔ بہرحال وفاقی حکومت کی موجودہ معاشی پالیسیوں سے عوام سخت نالاں ہیں اور ان میں شدید غم وغصہ پایا جاتا ہے کیونکہ ان کے مالی مشکلات اب بہت زیادہ بڑھ گئے ہیں، گھر کا چولہا تک جلانا مشکل ہوکر رہ گیا ہے، آمدن بڑھ نہیں رہا، روزگار میسر نہیں، صحت، تعلیم سمیت دیگر ضروریات کے بڑے اخراجات عوام خود اٹھا رہے ہیں، حکومتی سطح پر کوئی ریلیف نہیں دیا جارہا جو کہ سراسر زیادتی ہے۔ خدارا عوام پر مزید مہنگائی کے پہاڑ نہ توڑے جائیں، ریلیف دینے کے لیے بھی اقدامات اٹھائے جائیں تاکہ عوام تھوڑا سا سکھ کا سانس لے سکیں۔

CamScanner

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: Balochistan Time Quetta

Bullet No. 6

Dated: 08 JUL 2024 Page No. 26

# Quetta needs attention

Quetta, the capital city of Balochistan, once a thriving metropolis, has been plagued by deplorable road conditions and a malfunctioning water drainage system for far too long. The apathy displayed by the government and concerned authorities is appalling, leaving the city's beauty to wither away. As the provincial government begins its new term, it is imperative that they prioritize the revitalization of Quetta's infrastructure. The roads in Quetta have been in a state of disrepair for years, with potholes and cracks littering the streets like a minefield. The once-smooth thoroughfares have become a hazard for commuters, causing damage to vehicles and posing a significant risk to public safety. The neglect is palpable, and the citizens of Quetta are rightfully outraged. The lack of maintenance has not only affected the daily lives of residents but also hampers the city's economic growth and development. The water drainage system in Quetta is equally abysmal. Choked sewerage lines, clogged with plastic bags and other waste, have become a norm. The city's natural beauty, once a source of pride for its inhabitants, has been tarnished by the putrid stench of stagnant water and the unsightly spectacle of garbage-filled drains. The residents of Quetta have been patient, hoping for a change that never seems to come. The authorities' inaction has bred a sense of disillusionment, with many questioning the government's commitment to the city's development. The lack of investment in Quetta's infrastructure has led to a decline in the city's overall quality of life, making it an unattractive destination for tourists, businesses, and investors alike. However, with the new provincial government in place, there is a glimmer of hope. The citizens of Quetta expect tangible action, not mere promises. The government must acknowledge the gravity of the situation and allocate necessary resources to repair the roads, particularly in Satellite Town and other areas. Quetta deserves better. Its residents deserve better. It is time for the government to acknowledge the city's potential and invest in its infrastructure. The city's revitalization is not only a matter of aesthetics but also a matter of public health, safety, and economic prosperity. The poor condition of Quetta city's roads and water drainage system is a stark reminder of the government's neglect. As the new provincial government begins its tenure, it must prioritize the city's infrastructure development. The citizens of Quetta have waited long enough; it is time for action. The beauty of Quetta can be restored, but it requires a concerted effort from the authorities. Let us hope that this time, the government will not disappoint.

**CLIPPING SERVICE**

DIRECTORATE
GENERAL OF PUBLIC
RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: Balochistan Express Quetta

Bullet No. 6

Dated: 08 JUL 2024 Page No. 27

# Bugti's attempt to revamp governance in Balochistan

Chief Minister Mir Sarfraz Bugti's proactive stance on reforming government jobs and tackling the culture of non-accountability is a commendable step towards revitalizing governance in Balochistan. His dedication to instilling transparency, meritocracy, and efficiency in the government sector serves as a beacon of hope for a brighter and more prosperous future for the province. It is now imperative for all stakeholders to support and implement these reforms to bring about lasting change and development in Balochistan. Sarfraz Bugti's emphasis on streamlining service rules, preventing generation-to-generation transfers, and cracking down on individuals holding multiple jobs signifies a shift towards a merit-based and performance-driven system. By advocating for a more transparent and meritocratic approach to governance, the Chief Minister is setting a precedent for accountability and efficiency in public service delivery.

The Chief Minister's decision to address specific instances of misconduct, such as the employment of 22 messengers under a single assistant director, reflects a commitment to rooting out inefficiencies and irregularities within government departments. Such actions send a clear message that malpractices and misuse of authority will not be tolerated under his leadership. The revelation of unnecessary recruitments and the prevalence of absenteeism among government employees further underscores the need for a comprehensive overhaul of the recruitment and disciplinary processes. Bugti's call for strict adherence to service rules and the enforcement of accountability mechanisms is a step in the right direction towards restoring efficiency and integrity in the government sector. Mir Sarfraz Bugti's directive for ministers and secretaries to personally visit development project sites and for him to dedicate specific days for project inspections demonstrates a hands-on approach to monitoring and evaluating progress. This proactive stance is crucial in instilling a culture of responsibility

CamScanner

and oversight within the government hierarchy. The Chief Minister's warning regarding the release of funds in connection with the physical progress of development projects signifies a shift towards a more transparent and accountable system. By linking the release of funds to the pace of work, Bugti aims to ensure that resources are utilized efficiently and that projects are completed within the stipulated timelines.

Mir Sarfraz Bugti's emphasis on the need for employees to actively engage in their assigned duties and responsibilities highlights a critical aspect of governance that has long been overlooked. The habit of not working diligently across the province not only hampers the progress of development projects but also reflects poorly on the commitment of government officials towards public service. Mir Sarfraz assertion that the recruitment of unqualified individuals based on recommendations is a major concern resonates with the challenges faced in public sector employment across the country. The practice of employing individuals without the necessary skills and qualifications not only undermines the efficiency of government departments but also deprives deserving candidates of opportunities based on merit. In a significant move aimed at tackling systemic issues within the government sector, Chief Minister Mir Sarfraz Bugti of Balochistan has made a strong statement regarding the recruitment practices and work ethics prevailing in the province. His recent remarks shed light on the rampant issue of nepotism and the lack of accountability among government employees.